280 کتب ورسائل اور 6 مخطوطات سے ماخوذ عمامہ شریف
کے فضائل و مسائل اور مفید معلومات پر مشتمل کتاب

عمامہ کے فضائل



نام کتاب : عمامہ کے فضائل

پیش کش : مجلس اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیۃ (شعبہ امیرِ اہلسنّت)

طباعتِ اوّل : ۰۴ جُمادی الاولیٰ ۱۴۳۵ھ بمطابق 06 مارچ 2014ء

تعداد :

ناشر : مکتبۃ المدینہ عالمی مَدَنی مرکز فیضانِ مدینہ محلّہ سوداگران پرانی سبزی منڈی باب المدینہ کراچی

مکتبۃ المدینہ کی شاخیں

کراچی	شہید مسجد، کھارادر، باب المدینہ کراچی	فون: 021-32203311
لاہور	داتا دربار مارکیٹ، گنج بخش روڈ	فون: 042-37311679
سردار آباد	(فیصل آباد) امین پور بازار	فون: 041-2632625
کشمیر	چوک شہیداں، میر پور	فون: 058274-37212
حیدر آباد	فیضانِ مدینہ، آفندی ٹاؤن	فون: 022-2620122
ملتان	نزد پیپل والی مسجد، اندرون بوہڑ گیٹ	فون: 061-4511192
اوکاڑہ	کالج روڈ بالمقابل غوثیہ مسجد، نزد تحصیل کونسل ہال	فون: 044-2550767
راولپنڈی	فضل داد پلازہ، کمیٹی چوک، اقبال روڈ	فون: 051-5553765
خان پور	دُرانی چوک، نہر کنارہ	فون: 068-5571686
نواب شاہ	چکرا بازار، نزد MCB	فون: 0244-4362145
سکھر	فیضانِ مدینہ، بیراج روڈ	فون: 071-5619195
گوجرانوالہ	فیضانِ مدینہ، شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ	فون: 055-4225653
پشاور	فیضانِ مدینہ، گلبرگ نمبر 1، النور اسٹریٹ، صدر	

E.mail: ilmia@dawateislami.net
www.dawateislami.net

عالم حضور (صَلَّی اللّٰہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم) کی امت دعوت ہے اور مسلمان امتِ اِجابت۔ اس صورت میں ایسی حدیث کی شرح وہ گزشتہ حدیث ہے (جو حضرت سیّدنا اَنَس رَضِیَ اللّٰہُ تَعَالٰی عَنْہ سے مروی ہے) کہ اصفہان کے یہودی دجال کی پیروی کریں گے۔ یہاں امتی سے مراد وہی یہود ہیں کہ وہ حضور کی امتِ دعوت ہیں اور ستر ہزار سے مراد ہزار ہا آدمی ہیں نہ کہ یہ عدد خاص۔

حضرت مفتی احمد یار خان عَلَیْہِ رَحْمَۃُ الرَّحْمٰن حدیثِ پاک کے اس حصہ عَلَیْھِمُ السِّیجَان (کہ ان پر سیجان ہوں گی) کی شرح میں فرماتے ہیں: یعنی میری امت کے وہ لوگ دجّال کو مانیں گے (پیروی کریں گے) جو پہلے سے ہی فیشن پرست یہود و نصاریٰ کے نقّال ان کی سی شکل وصورت بنانے والے یہود کا سانقشین فیشن ایبل لباس پہننے والے ہوں گے انہی کا بیڑا غرق ہوگا۔ (مراۃ المناجیح، ۷/۳۱۷)

سیجان کے لغوی معنٰی

﴿۲﴾ ''سِیجَان'' عربی لفظ ہے جو کہ ''سَاجٌ'' کی جمع ہے۔ لفظِ ساج کے کتبِ لغت میں درج ذیل معانی مذکور ہیں۔ چنانچہ ابو الفیض مرتضیٰ زُبیدی اپنی مشہورِ زمانہ لغت ''تَاجُ العُرُوس'' میں فرماتے ہیں: موٹے کپڑے، سیاہ رنگ کی چادر، سبز رنگ کی چادر، تارکول والے سیاہ دھاگے سے بنے ہوئے کپڑے، گول چادر اور مجازاً مربع یعنی چورس چادر کو ساج کہا جاتا ہے۔ (تاج العروس، الجزء الاول، ص ۱۴۳۸)